محمد شفاعت ربانی

قطعۂ تاریخ

کہاں ہے وہ محدث، کہاں وہ مفسر   کہاں وہ دبستانِ انورؒ کا وارث
کہاں وہ مجاہد وہ سالارِ ملت   کہاں وہ گلستانِ انورؒ کا وارث
ملا ہے خدا سے وہ عاشق خدا کا   وہ عارف، خیابانِ انورؒ کا وارث
جو تھا عاشق سید المرسلین
شفاعت ! ''وہ عرفانِ انورؒ کا وارث''
۱۳۹۷ھ

☆......☆......☆

اظہارِ تشکر

حضرت اقدس مولانا سید محمد یوسف بنوری نوراللہ مرقدہ کی وفات حسرت آیات ایک عظیم ملی سانحہ ہے۔ اس پر ملک کے چپہ چپہ سے مشائخ عظام، علماء کرام، سیاسی و مذہبی رہنماؤں اور زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے حضرات نے بذات خود تشریف لاکر تعزیت فرمائی۔ نیز مختلف طبقوں کے بے شمار حضرات نے وفود کی شکل میں تشریف لاکر ہمدردی فرمائی۔ علاوہ ازیں ملک و بیرون ملک سے تعزیت کے ہزاروں تار و خطوط ملے۔ چونکہ انفرادی طور سے تمام بزرگوں اور سب احباب کا شکریہ ادا کرنا ہمارے لئے دشوار ہے، اس لئے بذریعہ تحریر ہذا ہم ان حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس روح فرسا سانحہ پر ہماری تعزیت اور غمخواری فرمائی۔ وأجرهم على الله۔

(۱) سید محمد جان بنوری۔ (۲) سید محمد بنوری۔ (۳) محمد طاسین۔ (۴) احمد الرحمٰن رحمانی۔ (۵) محمد حبیب اللہ مختار۔ (۶) سید قاسم جان بنوری۔ (۷) سید خالد احمد بنوری۔